# فلوراليا

حصه ششم

امریکی انگریزی




**مکمل ویڈیو ٹیٹوریل ہیلن شرمپٹن کے کرسٹل اینڈ کروشے سے حاصل کر سکتے ہیں**

**کام بڑے درمیانی چوکور پہ دوبارہ کرتے ہیں ۔**

**چھیالیسواں چکر ۔**
کسی بھی کونے میں بنی تین زنجیر ٹانکوں سے شروع کریں ۔ *کونے میں بنائیں ۔( تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ) اگلے کونے تک بنائیں( دو زنجیر ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکوں کا اکٹھ ۔) دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔
**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ تین بڑے ٹانکوں کے اٹھائیس اکٹھ ۔ دو زنجیر ٹانکے والی اونتیس جگہ ۔ تین بڑے ٹانکوں کے دو جھنڈ**

**سینتالیسواں چکر**
کسی بھی دو زنجیر ٹانکے والے کونے سے شروع کریں
*(بڑا ٹانکا ۔ تین زنجیر ٹانکے ۔ بڑا ٹانکا ) اگلے کونے تک ہر دو زنجیر جگہ میں ایک ایک وی ٹانکا بنائیں ۔ کونے میں بنائیں* چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔
**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ اونتیس وی ٹانکے ۔ دو بڑے ٹانکے ۔**




**الٹی طرف کام کرنا ہے**

**اڑتالیسواں چکر**
کسی بھی کونے میں بنی تین زنجیر جگہ سے شروع کریں ۔ * کونے میں بنائیں ( گولا ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا ۔ گولا ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا ۔) ہر وی ٹانکے میں کونے تک بنائیں ۔ (گولا ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا ۔) * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے محفوظ کرلیں
**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ اکتیس گولا ٹانکے**


**سیدھی طرف کام کرنا ہے ۔**

**اونچاسواں چکر ۔**
کسی بھی کونے میں بنے دو گولا ٹانکوں کے درمیان سے شروع کریں ۔ کونے میں بنائیں ۔* (وی ٹانکا ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ وی ٹانکا) اگلے کونے تک ہر دو گولا ٹانکوں کے درمیان ایک ایک وی ٹانکا بنائیں ۔* چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔
**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ بتیس وی ٹانکے**


**پچاسواں چکر**

کسی بھی کونے میں بنی دو زنجیر جگہ سے شروع کریں ۔ * کونے میں بنائیں ۔ چار بڑے ٹانکے ۔ اگلے کونے تک ہر وی ٹانکے میں تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ ایک سو بڑے ٹانکے**








**اکیاونواں چکر ۔**

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تمام کمبل کے گرد ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ ایک سو سادہ ٹانکے**

## چھوٹے چوکور سے بنی پٹیاں بڑے درمیانی چوکور سے جوڑئیں

نیچے دی گئ تصویر کے مطابق پٹیوں کو درمیانی چوکور سے جوڑئیں ۔ چھوٹے چوکور جوڑنے کے طریقے کے مطابق ان پٹیوں کو بڑے چوکور سے جوڑئیں ۔ پٹی اور بڑے چوکور کی الٹی طرف ایک دوسرے کے ساتھ رکھ لیں تاکہ آپ سیدھی طرف کام کرسکیں ۔ اوپری زنجیر کے باہر والے حصوں میں سے ہک گزار کر ٹانکے سے ٹانکا جوڑتے جائیں

فی طرف ایک سو پچیس گم ٹانکے ہیں ۔ (سو سینٹی میٹر کا چوکور + پچیس سینٹی میٹر فی پٹی )

اشارہ: درمیانی چوکور پہ ہر پچیس ٹانکوں کے بعد نشان بکسوہ لگائیں ۔ یہ چھوٹے چوکور کے ٹانکوں کے برابر ہیں اورجوڑنے میں آسانی کرئیں گے ۔




**اشارہ: اون کے سرے اس حصے کے مکمل ہونے تک محفوظ نہ کریں**

**ضروری ہدایت: تمام پٹیاں جوڑنے کے بعد چار بڑے ٹانکوں والے کونے کے دوسرے اور تیسرے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں نشان بکسوہے لگائیں**

**باونواں چکر ۔**

*اس چکر میں اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں کام کیا جائے گا ۔ اگر آپ کے ٹانکے سخت بنتے ہیں اور کھچائو آرہا ہے تو آپ چار اعشاریہ پانچ ایم ایم کا ہک استعمال کریں ۔*




تمام کمبل کے گرد* اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ایک ایک گم ٹانکا بنائیں ۔
پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں  *اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**پچیس ٹانکے فی چھوٹے چوکور بنانے سے کل ایک سو پچاس گم ٹانکے فی طرف ہوں گے**

**ترپپنواں چکر**

*اس چکر میں صرف باونویں چکر کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں کام کیا جائے گا جو ابھی بنے گم ٹانکوں کے پچھلی طرف ہوں گے ۔ کام میں استحکام اور مضبوطی کے لئے پچھلے پھندے اور تیسرے پھندے سے ہک گزاریں .اب کام چار ایم ایم کے ہک سے کریں ۔*

کسی بھی کونے میں بنے چار بڑے ٹانکوں کے دوسرے ٹانکے (پہلے نشان بکسوہے والا ٹانکا ) کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں کام کیا جائے گا ۔ * اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں سادہ ٹانکا بنائیں(پہلا نشان بکسوہے والا ٹانکا) تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اگلے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں سادہ ٹانکا بنائیں (دوسرا نشان بکسوہے والا ٹانکا) کونہ مکمل ہوا ۔ اگلے کونے کے نشان بکسوہے تک ہر ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔*
چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹیں


**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ ایک سو پچاس ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے سادہ ٹانکے ۔ تین زنجیر ٹانکے والے دو کونے**


**چونواں چکر**

گم ٹانکے کے ذریعے کونے میں پہنچ جائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ ( تین بڑے ٹانکوں کے جھنڈ کا پہلا بڑا ٹانکا شمار ہوگا)
* (تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ)(کونے میں بنائیں
(دو زنجیر ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکوں کا اکٹھ) پچاس بار دہرائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔
**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ تین بڑے ٹانکوں کے پچاس اکٹھ ۔ دو زنجیر ٹانکے والی اکیاون جگہ ۔ تین بڑے ٹانکوں کے دو جھنڈ ۔**

**پچپنواں چکر**

کسی بھی کونے میں بنی دو زنجیر جگہ سے شروع کریں ۔ کونے میں بنائیں ۔ *(وی ٹانکا ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ وی ٹانکا) اگلے کونے تک تمام دو زنجیر ٹانکوں والی جگہ میں ایک ایک وی ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں
**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ ترپن وی ٹانکے**




**الٹی طرف کام کرنا ہے ۔**

**چھپنواں چکر**
کسی بھی کونے میں بنے تین زنجیر ٹانکوں میں شروع کریں ۔ *کونے میں بنائیں (گولا ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ سادہ ٹانکا ۔ گولا ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا) کونے والی دو زنجیر جگہ میں نشان بکسوہ لگائیں ۔ اگلے کونے تک ہر وی ٹانکے کے درمیان میں گولا ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ پچپن گولا ٹانکے**


**ستاونواں چکر**
کسی بھی کونے میں بنی دو زنجیر جگہ سے شروع کریں ۔ *کونے میں بنائیں ۔(وی ٹانکا ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ وی ٹانکا) اگلے کونے تک ہر دو گولا ٹانکوں کے درمیان وی ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں
**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ چھپن وی ٹانکے**







**اٹھاونواں چکر ۔**
کسی بھی دو زنجیر ٹانکے والے کونے سے شروع کریں ۔ * کونے والی جگہ میں چار بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے کونے تک ہر وی ٹانکے کے درمیان میں تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹیں
**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ ایک سو بہتر بڑے ٹانکے ۔**




**اونسٹھواں چکر**
ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تمام کمبل کے گرد ہر ٹانکے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں
گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ ایک سو بہتر سادہ ٹانکے**

**ضروری ہدایت: کونے والے چار سادہ ٹانکوں کے دوسرے اور تیسرے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں نشان بکسوہ لگائیں ۔**

اب ہم سروں کو محفوظ کر سکتے ہیں ۔ مجھے بہتر یہ لگتا ہے کہ سرے کا پھندہ بنا کر کنارے کے گرد سے پچھلی طرف کھینچ لوں اور پھر بار بار کام میں سے آگے پیچھے گزار کہ سرے کو محفوظ کر لوں ۔ اس طریقے کو لال رنگ سے بتایا گیا ہے ۔





چھٹا حصہ اختتام پذیر ہوا